ہمارا آسان اور محفوظ آن لائن فارم استعمال کریں،
ہمیں کال کریں یا پریکٹس میں تشریف لائیں۔

Your health matters

Help us help you

ہم سے رابطے کا بہترین طریقہ

یہ بات ظاہر ہے کہ ہماری سرجریاں اب پہلے سے کہیں زیادہ مصروف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اب ہم سے رابطے کے طریقے بھی زیادہ ہیں۔

اب آپ ہماری ویب سائٹ پر موجود ایک محفوظ آن لائن فارم استعمال کر سکتے ہیں۔ محض چند سوالات کے جوابات دیں، 'بھیجیں' پر کلک کریں اور ہم یقینی بنانے کی کوشش کریں گے کہ آپ کے لیے موزوں مدد اور معاونت آپ کو فراہم کی جائے۔ اور، ہمیشہ کی طرح آپ انتخاب کر سکتے ہیں کہ ہم سے بذریعہ فون رابطہ کریں یا ذاتی طور پر تشریف لائیں۔

آپ سے واپس رابطہ کرنا

اگرچہ آپ ہم سے رابطے کا انتخاب کر سکتے ہیں، مگر ہماری میڈیکل ٹیم آپ کے منفرد حالات کے مطابق آپ کو جواب دے گی۔

اگلے اقدامات آپ کی ضروریات کے مطابق کیے جائیں گے: یہ بالمشافہ ملاقات، بذریعہ فون یا ویڈیو مشاورت، یا یہ ایک سادہ ٹیکسٹ میسج بھی ہو سکتا ہے، مثال کے طور پر جس میں آپ کو خون کے ٹیسٹ کے لیے بلایا جا سکتا ہے۔



آپ کی مقامی فارمیسی ٹیم کی جانب سے مدد

چھوٹی بیماریوں کی صورت میں، آپ کا مقامی کمیونٹی فارماسسٹ یا ان کی ٹیم آپ کو مدد فراہم کر سکتی ہے۔ صحت کے وقف شدہ پیشہ ورانہ ماہرین اور ادویات کے ماہر ہونے کے طور پر، وہ آپ کو طبی مشورہ، مشاورت اور بغیر نسخہ کی ادویات دے سکتے ہیں جن سے آپ کو کئی اقسام کی چھوٹی موٹی بیماریوں سے افاقہ ہو گا۔ بہت سی فارمیسیاں NHS کی نئی طبی خدمات بشمول بلڈ پریشر کی جانچ کی سروس کی پیشکش بھی کرتی ہیں۔

ہنگامی طبی امداد کے لیے

اگر آپ کو ہنگامی نوعیت کا کوئی طبی مسئلہ ہو اور آپ کو یہ یقین نہ ہو کہ کرنا کیا ہے، تو NHS 111 آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ کال کریں یا آن لائن ہو جائیں **111.nhs.uk**

زندگی کے لیے خطرناک ہنگامی صورتوں میں 999 ڈائل کریں۔

NHS

ہمارے ساتھ تعاون کریں تاکہ ہم آپ کی مدد کر سکیں

نگہداشت کی درخواست کرتے وقت، بیشک یہ آن لائن ہو، بذریعہ فون ہو یا بالمشافہ، اگر آپ اپنے مسئلے کی وضاحت کرتے ہیں، تو یہ ہمارے لیے مددگار ہوتا ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کو صحیح شخص سے صحیح وقت پر وہ دیکھ بھال ملے جس کی آپ کو ضرورت ہے - مثال کے طور پر، آپ کو کس ڈاکٹر یا نرس کے علاج کی ضرورت ہے۔ اس سے ہماری میڈیکل ٹیم کو ان لوگوں کو ترجیح دینے میں بھی مدد ملتی ہے جنہیں سب سے زیادہ دیکھ بھال کی ضرورت ہے۔

اگر آپ اپنا مسئلہ بتانا پسند نہیں کرتے - مثال کے طور پر، ہماری استقبالیہ ٹیم سے بات کرتے وقت - تو وہ ہمیشہ آپ کی رازداری کا احترام کریں گے۔ تاہم، یہ پوچھنا ان کی ملازمت کا ایک اہم حصہ ہے، لہٰذا اس میں تعاون کے لیے ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے۔

مزید معلومات کے لیے، سرجری کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا اگلی بار جب آپ رابطے میں ہوں، تو ہم سے بات کریں۔

یہ معلوماتی پرچہ متبادل فارمیٹس اور زبانوں میں بھی دستیاب ہے۔
مزید معلومات کے لیے اپنی GP پریکٹس سے رابطہ کریں۔ بریلے ورژنز کے لیے بذریعہ **england.pccomms@nhs.net** درخواست کی جا سکتی ہے۔

براہ کرم پریکٹس میں تشریف لاتے وقت،
کورونا وائرس کے حفاظتی اقدامات پر عمل کریں۔

Your health matters

Help us help you